نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت سے امریکی پولیٹیکل اینڈ اکنامک چیف کی ملاقات

لاہور 29 اکتوبر 2021: صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی سے لاہور میں امریکی قونصلیٹ کی پولیٹیکل اینڈ اکنامک چیف کتھلین گبلسیکو (Kathleen Gibillisco) نے منسٹر آفس میں ملاقات کی۔ اجلاس میں زراعت کے شعبہ میں باہمی دلچسپی کے امور اور دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ امریکی سرمایہ کاروں کیلئے صوبے میں زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ یہ بات خوش آئندہ ہے کہ صوبہ پنجاب میں زرعی اصلاحات کے دوررس نتائج برآمد ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی پیداوار میں اضافے سے ملکی معیشت مضبوط ہوگی۔ اس مقصد کیلئے حکومت ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کررہی ہے۔ کتھلین گبلسیکو نے کہا کہ امریکی کمپنیاں پنجاب میں زرعی سیکٹر اور فوڈ پراڈکٹس میں سرمایہ کاری کی خواہشمند ہیں۔

☆☆☆☆